12/01/2026

09.25 AM(5 min)

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلٹن لیکر میں اعجازہ اختر

ایل جی

لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے کہا ہے کہ ایک ترقی یافتہ بھارت اور آتم نر بھر جموں کشمیر یقینی بنانے کے لئے پالیسی کو موثر طریقے پر عملایا جا رہا ہے ۔ شیر کشمیر یونیورسٹی آف ایگریکلچرل سائنسز اینڈ Agriculture First ٹیکنالوجی جموں میں ایگریکلچر سمٹ اور کسان میلے کا افتتاح کرنے کے بعد لیفٹیننٹ گورنر نے کہا کہ زرعی شعبے کو دیگر کلیدی سیکٹروں کی طرح قومی ترقی اور بنی نوع انسان کی بقاءمیں کلیدی اہمیت حاصل ہے ۔ انہوں نے کہا کہ مختلف چیلنجوں کے با وجود زرعی شعبہ ترقی کی ضمانت بنتا رہے گا ۔ ایل جی نے مصنوعی ذہانت پر مبنی زرعی سیکٹر کی ترقی کے مختلف
پہلوو

ں کو بھی اجا گر کیا ۔ؑ

وزیر اعلیٰ

جموں کشمیر قانون ساز اسمبلی کا اجلاس جموں میں خوش اسلوبی سے جاری ہے ۔ کل بھی متعدد ارکان اسمبلی نے اپنے اپنے علاقوں کے مسائل کو اجا گر کر کے متعلقہ وزیروں سے جواب طلب کئے ۔ وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے وقفہ سوالات کو Digitisation کے دوران کئی ضمنات کا جواب دیتے ہوئے کہا کہ حکومت جموں کشمیر میں صحیح اراضی ریکارڈ کی Digitise یقینی بنانے کی وعدہ بند ہے ۔ انہوں نے نے یقین دلایا کہ کسی بھی غلط ریکارڈ کو نہیں کیا جا ئے گا ۔

گرانٹس

جموں و کشمیر قانون ساز اسمبلی نے جاری بجٹ اجلاس کے دوران اسکول ایجوکیشن، صحت ، سماجی بہبود اور اعلیٰ تعلیم کے محکموں کے لیے مطالبات زراکثریت رائے سے منظور کر لیے۔گرانٹس پر ایوان میں دن بھر تفصیلی بحث کے بعد وزیر صحت، سماجی بہبود اور تعلیم سکینہ ایتو نے بحث سمیٹتے ہوئے ارکان اسمبلی کا شکریہ ادا کیا۔انہوننے بجٹ 2026-27کو تاریخی قرار دیتے ہوئے کہا کہ یہ بجٹ انسانی ترقی، بہتر خدمات کی فراہمی اور ہمہ گیر ترقی کے لیے حکومت کے مضبوط عزم کی عکاسی کرتا ہے۔

انہوں نے وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ کا شکریہ ادا کیا اور کہا کہ تعلیم، صحت اور سماجی بہبود کے شعبوں کو غیر معمولی مالی مدد فراہم کی گئی ہے۔اسمبلی میں اراکین نے گرانٹس پر بحث میں حصہ لیا جبکہ بعض کٹ موشن واپس لے لیے گئے اور ایک کٹ موشن کو صوتی ووٹ کے ذریعے مسترد کر دیا گیا ۔

رانا

جنگلات وماحولیات اور قبائلی امور کے وزیر جاوید احمد رانانے کہاہے کہ حکومت ملازمین کے مفادات کے تحفظ کے لیے پُرعزم ہے اورملازمین کے تمام جائز مسائل کوترجیحی بنیادونپر حل کر نے کی کوشش کی جائے گی۔ ان باتوں کا اظہار انہوں نے رہبر جنگلات کے ایک وفد کے ساتھ ملاقات کے دوران کیا۔وفد نے وزیر کو انہیں درپیش مختلف مسائل سے خبردار کیا اور ان کے جلد از جلد ازالے کی ضرورت پر زور دیا۔انہوں نے وفد یقین دلایا کہ ان کے مطالبات حکومت کے زیر غور ہیںاور تمام حقیقی خدشات کومنصفانہ طریقے سے دور کیا جائے گا۔

چیف سیکریٹری

جموں و کشمیر میں پبلک ٹرانسپورٹ کو مضبوط اور بہتر بنانے کے لیے وزیر اعظم ای بس سیو ا کے تحت 2 سوالیکٹرک بسیں خریدی جا رہی ہیں۔اس دوران ای بسوں کے لئے درکار بنیادی ڈھانچے کو تیار کیا جا رہا ہے۔ اس سلسلے میں چیف سکریٹری، اٹل ڈلو نے یوٹی میں سکیم کے نفاذ کا جائزہ لینے کی غرض سے یوٹی سطح کی اسٹیئرنگ کمیٹی کی ایک میٹنگ کی صدارت کی۔

منعقدہ میٹنگ میناب تک کی پیش رفت کا جائزہ لیتے ہوئے، چیف سکریٹری نے ای بسوں کو بغیر رکاوٹ آپریشنلائزیشن کو یقینی بنانے کے لیے بنیادی ڈھانچے کو بہتر بنانے کی ضرورت پر زور دیا۔

پوسٹ ماسٹر

مورتھی نے کل ٹنگمرگ میں برانچ پوسٹ ماسٹرس کے ساتھ بات چیت DSVR چیف پوسٹ ماسٹر جنرل جموں کشمیر سرکل کی ۔ میٹنگ کے دوران انہوں نے متعلقہ افسروں پر زور دیاکہ وہ ڈاک سیوا -جن سیوا فلسفے کو اپنا خاصا بنا کر لوگوں تک معیاری ڈاک سہولیات کی دستیابی کو یقینی بنائیں ۔ ان کے ہمراہ سیئنرسپر انٹیڈنٹ آف پوسٹ آفسز آدم محی الدین اورسب ڈویژنل ہیڈ محمد شاہد زرگرموجود تھے۔

لابرو

کارڈ اسکیم کے زیادہ Vay Vandana ڈپٹی کمشنر سرینگراکشے لابرونے بزرگ شہریوں پر زور دیا ہے کہ وہ آیوشمان سرینگرمیں سکیم کے سلسلے میں منعقدہ Haat سے زیادہ فوائد حاصل کریں۔وہ ضلع انتظامیہ کی جانب سے کشمیر رجسٹریشن کیمپ کی صدارت کرتے تھے ۔بیداری کیمپ میں ضلع کے70سال سے زیادہ عمر کے لوگوں Spot جانکاری کم کی ایک بڑی تعداد نے شرکت کی ہے ۔ ڈپٹی کمشنر نے متعلقہ افسران پر زور دیا کہ وہ اسکیم کے فوائد ہر مستحق تک پہنچائیں تاکہ وہ طبی ضرورت کے وقت مدد حاصل کر سکیں۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت3ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 8 اعشاریہ7ڈگری سیلشیس ریکارڈ کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر

اردو میں نشر ہو گا ۔

خدا حافظ